NYC PUBLIC SCHOOLS
LITERACY COLLABORATIVE



# موسمِ گرما میں مطالعے کے لیے رہنمائی

NYC Public Schools

Copyright © 2023 New York City Department of Education

NYC PUBLIC SCHOOLS
LITERACY COLLABORATIVE

***موسمِ گرما میں مطالعے کے لیے رہنمائی*** ذیل کی زیرِ قیادت نیو یارک شہر پبلک اسکولز خواندگی اشتراک کی ایک اشاعت ہے:

**Jason Borges**
ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر

**Jenna Shumsky**
نائب ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر

مدد کرنے والے مدیران:
**Judith Jean-Bruce, Nicholas Kuroly, Layla Munson, Jessica Seessel, اور Sameer Talati**

تزئین کار:
**Daniel R. Wolf**

https://bit.ly/nycpslc
literacycollaborative@schools.nyc.gov

# فہرستِ مشمولات


تعارف 01

اس رہنمائی کو کس طرح استعمال کیا جائے اور خاندانوں اور سرپرستوں کے لیے تجاویز 02

K-2 کے لیے مشورے اور کُتب کے لیے تجاویز 04

گریڈز 3-5 کے لیے مشورے اور کُتب کے لیے تجاویز 06

گریڈز 6-8 کے لیے مشورے اور کُتب کے لیے تجاویز 10

گریڈز 9-12 کے لیے مشورے اور کُتب کے لیے تجاویز 14

تقریبات اور سرگرمیاں 18

متن کو آن لائن تلاش کرنا اور اس تک رسائی حاصل کرنا 19

اضافی وسائل 21

مطالعے کے عوامل کی معاونت کرنا 22

# تعارف

خواندگی مؤثر انداز میں مطالعہ، تحریر کرنے، بولنے اور سننے کی قابلیت ہے۔ یہ صلاحیتیں طلبا کو واضح طور پر اظہارِ خیال کرنے، دوسروں کی بات سننے، علم حاصل کرنے اور اپنے اِرد گِرد کی دنیا کے فہم کی تعمیر کرنے کے قابل بناتی ہیں۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) تمام طلبا کو اپنی خواندگی کی صلاحتیوں کی تعمیر کرنے اور قوی کُتب بین بننے کو یقینی بنانے کے لیے عہدبستہ ہے۔ خاص طور پر موسمِ گرما کے مہینوں کے دوران، خاندان گھر پر اپنے بچے کی خواندگی کے مسلسل فروغ کی معاونت کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

## موسمِ گرما مطالعہ کیوں اہم ہے؟

- بچوں کو اپنے ذخیرہ الفاظ، روانی، مطالعے کے فہم کو تقویت دینے اور ان کے پس منظر کے علم کی تعمیر کرنے کے لیے روزانہ مطالعہ کرنا نہایت اہم ہے۔ موسمِ گرما مطالعہ طلبا کو مطالعے کی لگن پیدا کرنے میں بھی مدد کرتا ہے۔
- تحقیق ظاہر کرتی ہے کہ جب طلبا تعلیمی سرگرمیوں میں مشغول نہیں ہوتے ہیں تو موسمِ گرما کے دوران دو ماہ تک کی مطالعے کی صلاحیتوں کا حرج ہو سکتا ہے۔ اس کا حوالہ اکثر 'موسمِ گرما رجعت' (summer slide) کے طور پر دیا جاتا ہے۔ اسکول واپس آنے پر، یہ طلبا اپنے ہمسروں سے مزید پیچھے رہ جاتے ہیں۔
- یہ تجویز کیا جاتا ہے طلبا روزانہ مطالعہ کریں کیونکہ ان کو متن تک روزانہ رسائی حاصل نہیں ہوتی ہے جیسے کہ ان کو اسکول کھلے ہونے کے دوران ہوتی ہے۔
- موسمِ گرما کے دوران فی ہفتہ دو تا تین گھنٹے کے لیے مطالعہ کرنا اور خواندگی کی صلاحیتوں کی مشق کرنا طلبا کو موسمِ گرما میں رجعت سے اجتناب کرنے اور تعلیمی حصولیابی میں اضافہ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

# اس رہنما کتابچے کا استعمال کیسے کریں

## خاندان

- اپنے بچے کی ان کی خواندگی کی صلاحیتوں کی تعمیر کرنے میں مدد کرنے کے لیے اس رہنما کتابچے کے وسائل کا جائزہ لیں
  - گھر پر مطالعے کی معاونت کرنے کے لیے خاندانوں کے لیے تجاویز
  - گریڈ کی سطح کے لحاظ تجویز کردہ عنوانات
  - کُتب اور متن تلاش کرنے کے لیے وسائل
  - خواندگی کے فروغ کی معاونت کرنے کے لیے اضافی وسائل
- اپنے بچے اور اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ موسم گرما کے مطالعے کا ایک ہدف قائم کریں۔ اہداف کے نمونوں میں ذیل شامل ہو سکتے ہیں:
  - مطالعہ کی گئی کُتب کی تعداد
  - مطالعہ کیے گئے صفحات کی تعداد
  - مطالعہ کرنے میں صرف کردہ وقت
  - نئی اصناف اور نئے مصنفین کو دریافت کرنا

***اہل خانہ کے لیے ایک نوٹ: اس رہنما کتابچے میں کتاب کے عنوانات اور ویب سائٹس، لائبریرئینز اور تعلیمی تنظیموں کے ذریعے تجویز کیے گئے ہیں۔ اپنے بچے کی کُتب کا انتخاب کرنے میں ایک سرگرمِ عمل کردار ادا کریں۔ اس کے علاوہ، براہِ کرم اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ بات کریں اگر کوئی اضافی تجویز کردہ یا مطلوبہ کُتب کی فہرستیں ہیں۔***

## اسکول

- اس رہنما کتابچے کا اشتراک خاندانوں کے ساتھ کریں
  - پرنٹ شدہ نقول فراہم کریں اور سال کے اختتام پر اہم اطلاع ناموں اور / یا رپورٹ کارڈز کے ساتھ گھر بھیجیں۔
  - رہنما کتابچے کو خاندانوں کو موسمِ گرما مطالعے کے لیے اسکول کی عہدبستگی کے متعلق ایک ذاتی نوٹ کے ساتھ ای میل کریں۔
  - رہنما کتابچے کو اپنے اسکول کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کریں تاکہ خاندان اس تک آسانی سے رسائی حاصل کر سکیں۔
  - رہنما کتابچے کو اپنے اسکول کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ساتھ جوڑیں (لنک کریں)
  - اپنے خاندانی رابطہ کار کے ساتھ اس کا اشتراک کریں جو موسمِ گرما مطالعے کے لیے خاندانوں کی مزید معاونت کر سکے
- موسم گرما کے دوران طلبا اور خاندانوں کے ساتھ ان کے مطالعے کے اہداف کے متعلق بذریعہ فون، ای میل یا ریموٹ کانفرنس کے ذریعے رابطہ کریں۔
- ایک مشترکہ پلیٹ فارم کے ذریعے موسمِ گرما مطالعے کے بارے میں آن لائن گفتگو میں مشغول ہوں؛ طلبا کو موسمِ گرما مطالعے پر ہمسروں کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کریں۔
- اگر ممکن ہو، طلبا اور ان کے خاندانوں کو معمول کی بنیاد پر اپنے اسکول کی لائبریری میں کتابیں واپس لانے / لے جانے کے لیے داخلہ فراہم کریں۔

# خاندانوں اور سرپرستوں کے لیے تجاویز

## تمام عمروں کے گروپس کے لیے تجاویز

### مثبت مطالعاتی عادتوں کے نمونے

- اپنے بچوں کو آپ کو لطف اندوز ہونے کے لیے مطالعہ کرتے ہوئے دیکھنے کا موقع دیں۔
- اپنے بچوں کے ساتھ اپنی مطالعہ کرنے کی مسرت کا اشتراک کریں۔ اسکے متعلق گفتگو کریں کہ آپ کس چیز کا اور کیوں مطالعہ کررہے ہیں۔
- اپنے روزمرہ / ہفتہ وار معمول میں کل خاندان کے لیے مل بیٹھنے اور مطالعہ کرنے کا وقت مقرر کریں۔
- کتابوں کی مقامی دکان، یا آن لائن کتابوں کی دکان کا دورہ کریں اور ایک خاندان کے طور پر ملکر کتابیں خریدیں۔
- ایک خاندان کے طور پر ملکر لائبریری جائیں؛ ایک دوسرے کی مطالعہ کرنے کے لیے کتابیں منتخب کرنے میں مدد کریں۔
- مقامی کتابوں کی دکانوں اور لائبریریوں میں اپنے پسندیدہ مصنفین کی کتاب پڑھنے کی تقریبات میں شرکت کریں۔ اگر ممکن ہو، تو کتاب (کتابیں) خریدیں اور اس پر اپنے بچے کو مصنف کے دستخط حاصل کرنے دیں یا لائبریری سے کتابیں مستعار لے جائیں۔
- بڑی عمر کے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ چھوٹے بچوں کو مطالعہ کرکے سنائیں (بھائی بہن، کزنز، پالتو جانور، اور کھلونے (اسٹفڈ اینیملز) عمدہ سامعین ہوتے ہیں)۔
- کتابوں کے علاوہ بھی مطالعہ میں شامل کریں؛ اخبارات اور رسالوں کو بھی دستیاب بنائیں۔

### کتابوں کے متعلق بات چیت کریں

- رات کے کھانے کے وقت یا دیگر غیررسمی اوقات کے دوران اپنے بچوں سے ان کتابوں کے متعلق دریافت کریں جنکا وہ مطالعہ کررہے ہوں۔
- کتابوں کے متعلق گہری گفتگو کے لیے مطالعاتی سوالات کا استعمال کریں۔
- مطالعے اور کتابوں کے متعلق اپنی بچپن کی یادیں سنائیں۔ اپنی پسندیدہ بچوں کی کتابوں اور مصنفین، مطالعے میں اپنی جدوجہد / کامیابیوں وغیرہ کے متعلق بات چیت کریں۔
- اپنے بچے کی ثقافتی اور لسانی طور پر اثر پذیر طریقوں میں معاونت کرنے کے لیے گھر پر مطالعے کی معاونت کے وسائل کو استعمال کریں۔

### اپنے بچے کی دلچسپی سے ہم آہنگ کتابیں فراہم کریں۔

- اس پر غور کریں کہ آپکا بچہ کس چیز کا مطالعہ کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے اور انہیں اس موضوع / صنف میں مزید مطالعاتی مواد فراہم کریں۔
- کسی استاد یا لائبریرئن سے کتابوں کی تجاویز طلب کریں — انکو مختلف عمر کے بچوں کے لیے نئے اور مقبول مطالعاتی مواد کے متعلق اکثر معلومات ہوتی ہیں۔
- کتاب کی جھلکیاں (ٹریلر)، مصنف کے ساتھ انٹرویوز دیکھنے اور ایک مخصوص کتاب میں اپنے بچے کی دلچسپی کی پیمائش کرنے کے لیے Teachingbooks.net کو استعمال کریں۔

ذیلی صفحات مخصوص عمر کے گروپس کے لیے مشورے اور کُتب کی تجاویز فراہم کرتے ہیں:

- **کنڈرگارٹن – گریڈ 2**
- **گریڈز 3-5**
- **گریڈز 6-8**
- **گریڈز 9-12**

# K-2 کے لیے مشورے

## ایک دوسرے کو باآواز بلند مطالعہ کرکے سنائیں۔

- اپنے بچے کی پسندیدہ کہانیوں کا باآواز بلند مطالعہ کریں۔
- اپنے بچے کو آپکو باآواز بلند مطالعہ کرکے سنانے دیں۔ ایک ہی کتاب کا متعدد بار مطالعہ کرنا قدرتی ہے اور یہ نئے کتب بینوں کے لیے مفید ہوتا ہے۔ آپ اس طرح کرسکتے ہیں کہ اپنے بچے کو ایک صفحے کا مطالعہ کرکے سنائیں اور پھر بچے سے آپکو اسی صفحے کا مطالعہ کرکے سنانے کی گزارش کریں۔ اس سرگرمی کو پُرلطف بنائیں یا کسی کھیل کی شکل دیں۔
- حروف کے نام اور ان حروف کی آوازوں کی مشق کریں۔ "کیا آپ کو صفحے پر حرف "b" نظر آرہا ہے؟ اس حرف کی کیا آواز ہوتی ہے؟"
- اپنے بچے کے ساتھ اس کی آواز کی مشق کریں۔ چھوٹے بچے اکثر ان تمام آوازوں کو سن نہیں پاتے جن پر الفاظ مشتمل ہوتے ہیں۔ ہم قافیہ الفاظ استعمال کریں: cat-> hat -> mat -> bat اپنے بچے کے ساتھ الفاظ کی آواز نکالیں: "آپ کی کتاب (book) کہاں ہے؟ -b-b--oooo-k۔"

## اپنے گھر میں مطالعے کا ماحول قائم کریں۔

- اپنے گھر میں مطالعے کے لیے ایک آرام دہ جگہ کا انتظام کریں، جو ٹی وی / کمپیوٹر / گیمز / فون جیسی خلل اندازیوں سے پاک ہو۔ فرش پر تکیے یا گدے رکھنے سے کسی بھی جگہ کو باآسانی مطالعے کی جگہ بنایا جاسکتا ہے۔
- اپنے گھر میں ہر جگہ مطالعے کے لیے مواد جیسے کہ کتابیں، رسالے، اخبارات، وغیرہ دستیاب بنائیں اور ان تک اپنے بچوں کی رسائی کو سہل بنائیں۔
- عوامی نقل و حمل میں سفر کرتے وقت اور جب کہیں کسی قطار میں انتظار کی توقع کی جائے تو ہمیشہ اپنے ساتھ کوئی کتاب لے کر جائیں۔
- گھر پر اپنے بچوں کے لیے ان کی کتابوں کو رکھنے کے لیے ایک خاص جگہ بنائیں۔ مثال کے طور پر، بُک شیلف کا مخصوص حصہ، ان کے کمرے میں ایک ڈبہ یا گھر میں ایک تقرر کردہ جگہ وغیرہ۔

# کُتب کی تجاویز: K-2

| کتاب کا عنوان | مصنف |
| --- | --- |
| A Gift from Abuela | Cecilia Ruiz |
| All the Way to Havana | Margarita Engle |
| Blue Sky White Stars | Sarvinder Naberhaus |
| Carmela Full of Wishes | Matt de la Peña |
| Don't Let the Pigeon Drive the Bus | Mo Williams |
| Frog and Toad Together | Arnold Lobel |
| Golden Domes and Silver Lanterns: A Muslim Book of Colors | Hena Khan |
| I am Enough | Grace Byers |
| Last Stop on Market Street | Matt de la Peña |
| Llama Llama Red Pajama | Ann Dewdney |
| Malala's Magic Pencil | Malala Yousafzai |
| Monsoon Afternoon | Kashmira Sheth |
| Pete the Cat and his Four Groovy Buttons | Eric Litwin |
| Radiant Child: The Story of Young Artist Jean-Michel Basquiat | Javaka Steptoe |
| Sugar Hill: Harlem's Historic Neighborhood | Carole Boston Weatherford |
| The Undefeated | Kwame Alexander |
| Under my Hijab | Hena Khan |
| We are Grateful: Otsaliheliga | Traci Sorell |
| Where are You From? | Yamile Saied Méndez |
| You Hold Me Up | Monique Gray Smith |

# گریڈ 3-5 کے لیے مشورے

## ایک دوسرے کو باآواز بلند مطالعہ کرکے سنائیں۔

- اپنے بچے کی پسندیدہ کہانی کا باآواز بلند مطالعہ کریں۔
- اپنے بچے کو آپکو باآواز بلند مطالعہ کرکے سنانے دیں۔ اگر وہ رک رک کر مطالعے کرے، تو صفحے (صفحات) کی متعدد بار مشق کریں۔ بطور متبادل، پہلے آپ صفحے کا مطالعہ کریں اور بچے سے گزارش کریں کہ وہ اسی صفحے کو آپکو دوبارہ پڑھ کر سنائے۔ اس سرگرمی کو پرلطف بنائیں یا کسی کھیل کی شکل دیں۔
- آپ جہاں کہیں بھی جائیں اونچی آوار میں پڑھنے کے لیے مطالعاتی مواد کو تلاش کریں: مینوز، اشتہارات، بروشورز، سڑک اور دوکانوں کے سائنز، بس اور سب وے کے نقشے، ڈاک میں موصول ہونے والی کیٹلاگز، مفت اخبارات، وغیرہ۔

## اپنے گھر میں مطالعے کا ماحول قائم کریں۔

- اپنے گھر میں مطالعے کے لیے ایک آرام دہ جگہ کا انتظام کریں، جو ٹی وی / کمپیوٹر / گیمز / فون جیسے خلل سے پاک ہو۔ فرش پر تکیے یا گدے رکھنے سے کسی بھی جگہ کو باآسانی مطالعے کی جگہ بنایا جاسکتا ہے۔
- اپنے پورے گھر میں ہر جگہ مطالعے کے لیے مواد جیسے کہ کتابیں، رسالے، اخبارات، وغیرہ دستیاب بنائیں اور ان تک اپنے بچوں کی رسائی سہل بنائیں۔
- کسی بچوں کے رسالے کی ماہانہ اشاعت کے لیے سبسکرائب کریں اور اس رسالے کو براہ راست اپنے بچے کو بھجوائیں۔ جب یہ گھر آ جائے تو دلچسپی کا مظاہرہ کریں: مثال کے طور پر "مجھے اپنا پسندیدہ مقالہ دکھائیں،" "مجھے سی لائنز (Sea lions) کی یہ تصویر بہت پسند آئی۔" کچھ مقبول رسالوں میں ذیل شامل ہیں Highlights, Ranger Rick, Sports Illustrated for Kids اور National Geographic Junior.
- مطالعے کو تدریس کے ایک ذریعے کے طور پر استعمال کریں۔ مثلاً، اگر آپکا بچہ پتنگ اڑانے میں دلچسپی رکھتا ہے تو گھر پر پتنگ بنانے کے متعلق ایک مقالے کا مطالعہ کریں۔
- آپ کے قریب نہ رہنے والے رشتہ داروں یا دوستوں سے گزارش کریں کہ وہ آپکے بچے کو خطوط یا ای میل بھیجیں۔
- عوامی نقل و حمل میں سفر کرتے وقت اور جب کبھی کسی قطار میں انتظار کی توقع کی جائے تو ہمیشہ اپنے ساتھ کوئی کتاب لے کر جائیں۔
- گھر پر اپنے بچوں کے لیے ان کی کتابوں کو رکھنے کے لیے ایک خاص جگہ بنائیں۔ مثال کے طور پر، بُک شیلف کا مخصوص حصہ، ان کے کمرے میں ایک ڈبہ وغیرہ۔

# کُتب کی تجاویز: 3-5

| کتاب کا عنوان | مصنف |
|---|---|
| 28 Days: Moments in Black History that Changed the World | Charles R. Smith, Jr. |
| Alvin Ho: Allergic to the Great Wall, the Forbidden Palace, & Other Tourist Attractions | Lenore Look |
| Amal Unbound | Aisha Saeed |
| Ana Maria Reyes Does Not Live in a Castle | Hilda Eunice Burgos |
| Anacaona: The Golden Flower Queen (La reina flor de oro) | Viviana S. Torres |
| Aru Shah and the End of Time | Roshani Chokshi |
| As Brave As You | Jason Reynolds |
| At the Mountain's Base | Traci Sorell |
| Auntie Luce's Talking Paintings | Francie Latour |
| Better Nate Than Ever | Tim Federle |
| Blended | Sharon M. Draper |
| Bravo!: Poems About Amazing Hispanics | Margarita Engle |
| Buffalo Bird Girl: A Hidatsa Story | S.D. Nelson |
| Charlie Hernández and the League of Shadows | Ryan Calejo |
| Charlotte's Web | E.B. White |
| Chef Roy Choi and the Street Food Remix Jacqueline Briggs Martin and June Jo Lee Count Me In | Varsha Bajaj |
| Crossing Bok Chitto: A Choctaw Tale of Friendship and Freedom | Tim Tingle |
| Cute as an Axolotl | Jess Keating |
| Dara Palmer's Major Drama | Emma Shevah |

| | |
|---|---|
| Duncan Tonatiuh | Dear Primo: A Letter to My Cousin |
| Dav Pillkey | Dog Man |
| Karen English | Don't Feed the Geckos! |
| Lesléa Newman | Donovan's Big Day |
| Minh Lê | Drawn Together |
| Yuyi Morlaes | Dreamers |
| Cece Bell | El Deafo |
| Samya Kullab | Escape from Syria |
| Lesa Cline-Ransome | Finding Langston |
| Lesa Cline-Ransome | Germs: Fact and Fiction, Friends and Foes |
| Jason Chin | Grand Canyon |
| Margot Lee Shetterly | Hidden Figures: The True Story of Four Black Women and the Space Race |
| Jessica Herthel & Jazz Jennings | I am Jazz |
| Cynthia Leitich Smith | Indian Shoes |
| Kelly Starling Lyons | Jada Jones: Rock Star |
| Juana Medina | Juana and Lucas |
| Natasha Deen | Lark and the Dessert Disaster |
| Matt de la Peña | Love |
| Edwidge Danticat | Mama's Nightingale: A Story of Immigration and Separation |
| Meg Medina | Merci Suarez Changes Gears |
| Cheryl Savageau | Muskrat Will Be Swimming |
| Lesa Cline-Ransome | My Story, My Dance: Robert Battle's Journey to Alvin Ailey |

| | |
|---|---|
| Jeanette Winter | Our House is on Fire: Greta Thunberg's Call to Save the Planet |
| Sharon M. Draper | Out of My Mind |
| Anika Aldamuy Denise | Planting Stories: The Life of Librarian and Storyteller Pura Belpré |
| Sarah Albee | Poison: Deadly Deeds, Perilous Professions, and Murderous Medicines |
| Duncan Tonatiuh | Separate is Never Equal: Sylvia Mendez and Her Family's Fight for Desegregation |
| Joseph Bruchac | Talking Leaves |
| Dav Pilkey | The Adventures of Captain Underpants |
| Andrea Wang | The Nian Monster |
| Katherine Applegate | The One and Only Ivan |
| Simon J. Ortiz | The People Shall Continue: 40th Anniversary Special Edition |
| Carole Boston Weatherford | The Roots of Rap: 16 Bars on the 4 Pillars of Hip-Hop |
| J. Kasper Kramer | The Story that Cannot be Told |
| Naomi Shihab Nye | The Turtle of Oman: A Novel by Naomi Shihab Nye |
| Jamia Wilson | Young, Gifted and Black |
| Molly Knox Ostertag | The Witch Boy |
| Gwendowlyn Hooks | Tiny Stitches: The Life of Medical Pioneer Vivien Thomas |
| Olugbemisola Rhuday-Perkovich and Audrey Vernick | Two Naiomis |
| Grace Lin | When the Sea Turned to Silver |
| Grace Lin | Where the Mountain Meets the Moon |
| R.J. Palacio | Wonder |

# گریڈ 6-8 کے لیے مشورے

## ایک دوسرے کو باآواز بلند مطالعہ کرکے سنائیں۔

- اپنے بچے سے گزارش کریں کہ وہ آپکو اونچی آواز میں کتاب پڑھ کر سنائے۔ اگر یہ ہچکچائے تو ان سے کوئی مختصر حصہ جیسے کہ ایک پیراگراف یا اپنی کتاب سے ایک صفحے کا مطالعہ کرنے کو کہیں۔
- اخباروں، رسالوں یا آن لائن سائٹس سے دلچسپ مقالوں کا باآواز بلند مطالعہ کریں۔ "ذرا سنیئے، مئیر چاہتے ہیں کہ ہم..."
- ان باآواز بلند مطالعوں کو اپنے روزمرہ / ہفتہ وار معمولات میں شامل کریں: برتن دھوتے ہوئے، کھانا پکاتے ہوئے وغیرہ۔
- جب آپ گھر پر کسی نئی شے کو مرتب کررہے ہوں، تو ہدایتی کتابچے کا باآواز بلند مطالعہ کریں، یا اپنے بچے سے گزارش کریں کہ وہ اسکا باآواز بلند مطالعہ کرکے آپکو سنائے۔

## نو بالغان کو مطالعے اور اپنی سرگرم سماجی زندگی میں توازن قائم کرنے میں مدد کریں:

- ہر شب صرف مطالعہ کرنے کے لیے کچھ وقت مقرر کریں (فون اور ٹی وی کو بند کردیں)۔
- اپنے بچے کے ساتھ ایک شیڈول بنائیں جو مطالعہ کرنے کا منصوبہ بنانے میں مدد کرے (مثلاً کراٹے کی کلاس میں جاتے ہوئے بس میں سفر کے دوران کا وقت مطالعے کے لیے عمدہ ہے۔)
- کسی ایک کتاب کی متعدد اشاعتیں خریدیں اور اپنے بچے کی اپنے بہترین دوست کو ساتھ ملکر اس کا مطالعہ کرنے کی دعوت دینے کی حوصلہ افزائی کریں۔

## اپنے گھر میں مطالعے کا ماحول قائم کریں۔

- اپنے گھر میں مطالعے کے لیے ایک آرام دہ جگہ کا انتظام کریں، جو ٹی وی / کمپیوٹر / گیمز / فون جیسی خلل اندازیوں سے پاک ہو۔ فرش پر تکیے یا گدے رکھنے سے کسی بھی جگہ کو باآسانی مطالعے کی جگہ بنایا جاسکتا ہے۔
- اپنے پورے گھر میں ہر جگہ مطالعے کے لیے مواد جیسے کہ کتابیں، رسالے، اخبارات، وغیرہ دستیاب بنائیں اور ان تک اپنے بچوں کی رسائی کو سہل بنائیں۔
- مطالعے کو تدریس کے ایک ذریعے کے طور پر استعمال کریں۔ ایسے موضوعات پر تحقیق کریں اور انکے متعلق مطالعہ کریں جو قدرتی طور پر گفتگو کا حصہ ہوں۔
- آپ کے قریب نہ رہنے والے رشتہ داروں یا دوستوں سے گزراش کریں کہ وہ آپکے بچے کو خطوط یا ای میلز بھیجیں۔
- اپنے بچے کی یاددہانی کرائیں کہ جب وہ عوامی نقل و حمل میں سفر کریں اور جب کسی قطار میں انتظار کی توقع کی جائے تو اپنے ساتھ کوئی کتاب لے کر جائیں۔
- اگر آپ سفر کر رہے ہیں تو کتاب کی نشانیوں (bookmarks) کو بطور یادگاری تحفہ خریدیں (یہ مہنگے نہیں ہوتے اور مطالعے کو فروغ دیتے ہیں) اور / یا وہ لیں جن کی مفت پیشکش زیادہ تر کُتب فروش کرتے ہیں۔

# کُتب کی تجاویز: 8-6

| کتاب کا عنوان | مصنف |
| --- | --- |
| Above and Beyond: NASA's Journey to Tomorrow | Olugbemisola Rhuday-Perkovich |
| Ahimsa | Supriya Kelkar |
| Amina's Voice | Hena Khan |
| Booked | Kwame Alexander |
| Brown Girl Dreaming | Jacqueline Woodson |
| Cat Girl's Day Off | Kimberly Pauley |
| Dactyl Hill Squad | Daniel Jose Older |
| Danny Blackgoat: Dangerous Passage | Tim Tingle |
| Dear America: The Story of an Undocumented Citizen (Young Readers Edition) | Jose Antonio Vargas |
| Diary of a Wimpy Kid | Jeff Kinney |
| Dragon Pearl | Yoon Ha Lee |
| Drowned City: Hurricane Katrina & New Orleans | Don Brown |
| Each Tiny Spark | Pablo Cartaya |
| Echo | Pam Muñoz Ryan |
| Escape from Aleppo | N.H. Senzai |
| Esperanza Rising | Pam Muñoz Ryan |
| Fatty Legs | Christy Jordan-Fenton & Margaret Pokiak-Fenton |
| Fault Lines in the Constitution | Cynthia Levinson & Sanford Levinson |
| Flying Lessons & Other Stories | Ellen Oh |

| | |
|---|---|
| Mariama J. Lockington | For Black Girls Like Me |
| Kelly Yang | Front Desk |
| Jenny Kay Dupuis and Kathy Kacer | Gaawin Gindaaswin Ndaawsi (I Am Not a Number) |
| Alex Gino | George |
| Jason Reynolds | Ghost |
| Jacqueline Woodson | Harbor Me |
| Tim Tingle | How I Became a Ghost: A Choctaw Trail of Tears Story |
| Silvia Hidalgo | How to be an American: A Field Guide to Citizenship |
| Marjorie Agosin | I Lived on Butterfly Hill |
| Joseph Marshall III | In the Footsteps of Crazy Horse |
| Thanhha Lai | Inside Out and Back Again |
| Firoozeh Dumas | It Ain't So Awful, Falafel |
| Ashley Herring Blake | Ivy Aberdeen's Letter to the World |
| Lindsey Stoddard | Just Like Jackie |
| Lisa Yee | Katana at Superhero High (DC Superhero Girls) |
| Jason Reynolds | Look Both Ways: A Tale Told in Ten Blocks |
| Ruth Behar | Lucky Broken Girl |
| Pablo Cartaya | Marcus Vega Doesn't Speak Spanish |
| Xavier Garza | Maximilian and the Lucha Libre Club: A Bilingual Lucha Libre Thriller |
| Jerry Craft | New Kid |
| Nikki Grimes | One Last Word |

| | |
|---|---|
| Jasmine Warga | Other Words for Home |
| Nidhi Chanani | Pashmina |
| Renee Watson | Piecing Me Together |
| Rebecca Roanhorse | Race to the Sun |
| Kate DiCamillo | Raymie Nightingale |
| Jamie Sumner | Roll with It |
| Kurtis Scaletta | Rooting for Rafael Tosales |
| Kwame Alexander | The Crossover |
| Pablo Cartaya | The Epic Fail of Arturo Zamora |
| Celia Perez | The First Rule of Punk |
| Don Brown | The Great American Dustbowl |
| Olugbemisola Rhuday-Perkovich (editor) | The Hero Next Door |
| Chris Colfer | The Land of Stories: The Wishing Spell |
| Rick Riordan | The Lightning Thief (Percy Jackson and the Olympians, Book 1) |
| Sharon Flake | The Skin I'm In |
| David Barclay Moore | The Stars Beneath Our Feet |
| Mason Buttle | The Truth as Told |
| George Takei with Justin Eisenger and Steven Scott | They Called Us Enemy |

# گریڈ 12-9 کے لیے مشورے

## ہائی اسکول کے طلبا کی مطالعے کو اپنی سرگرم سماجی زندگی کے ساتھ توازن قائم کرنے میں مدد کریں:

- نوجوانان کی متعدد سوشل میڈیا وسائل جیسے کہ GoodReads استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کریں جہاں وہ ان افراد سے رابطہ کرسکتے ہیں جنکی کتابوں کی پسند ان سے ملتی ہے، اور وہ ان کتابوں کے متعلق اپنے تبصرات بانٹ سکتے ہیں جنکا وہ مطالعہ کررہے ہیں۔
- مطالعے کے متعلق اپنی گفتگو کو مثبت رکھیں؛ اپنے بچوں پر دباؤ نہ ڈالیں اور نہ ہی انکی پسند کی کتابوں پر تنقید کریں۔
- کچھ مقبول نوجوان بالغان کی کتابوں کا مطالعہ کریں اور ان پر اپنے نوبالغ بچے کے ساتھ بات چیت کریں؛ یہ حساس موضوعات پر گفتگو کرنے کا عمدہ طریقہ ہوسکتا ہے۔
- کسی موضوع پر وسیع ترین اور گہرائی میں مطالعے کے ذریعے اپنے نو بالغ بچے کی اس موضوع میں ماہر بننے کی حوصلہ افزائی کریں جس سے وہ خصوصی طور پر لطف اندوز ہوتا ہو۔
- محض آپکے نوجوانان کے خود سے مطالعہ کرنے کے قابل ہوجانے کی وجہ سے باآواز بلند مطالعے کو ترک نہ کریں؛ باآواز بلند مطالعہ سے آپ دونوں لطف اندوز ہوسکتے ہیں اور یہ باہمی رابطے مضبوط کرنے کا عمدہ تجربہ ہو سکتا ہے۔
- نوجوانان کی یاددہانی کرائیں کہ استعمال شدہ کتابوں کی دکانیں مختلف اور سستی کتابیں خریدنے کی اچھی جگہیں ہیں۔
- اپنے نوجوان کو تجویز دیں کہ وہ مطالعہ کی گئی کتابوں کے متعلق اپنے تبصرات کا اشتراک آن لائن کریں تاکہ دیگر کتب بینوں کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملے کہ یہ کتابیں انکے لیے درست ہیں یا نہیں۔
وہ Amazon پر تبصرات چھوڑ سکتے ہیں یا YouTube پر"vlogging" (وڈیو بلاگ) کتاب کے تبصرات کا سلسلہ شروع کرسکتے ہیں۔
- اپنے بچے کی آڈیو کُتب سننے کی حوصلہ افزائی کریں۔ جبکہ یہ "مطالعہ" نہیں ہے، یہ نوجوانان کے لیے مختلف ادبی اصناف اور مصنفین سے واقف ہونے کا ایک عمدہ طریقہ ہے۔
- نوجوانان کو ایک مقامی لائبریری کی شاخ، کتابوں کی دکان، یا فن کے جگہوں میں سماجی تقریبات جیسے کہ پوئٹری سلمز (slams) یا نوجوانان کے کتابوں کے کلب تلاش کرنے میں مدد کریں۔
- اپنے بچے کی ان کی اپنی کتاب کے ٹریلرز تیار کرنے کے لیے Animoto جیسے آن لائن وسائل کو استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

# کُتب کی تجاویز: 9-12

| مصنف | کتاب کا عنوان |
|---|---|
| Ransom Riggs | A Map of Days (the Fourth Novel of Miss Peregrine's Peculiar Children) |
| Brandon Kiely and Jason Reynolds | All American Boys |
| Anne Frank | Anne Frank: The Diary of a Young Girl |
| Benjamin Alire Saenz | Aristotle and Dante Discover the Secrets of the Universe |
| Michelle Obama | Becoming |
| Editor: Ibi Zoboi | Black Enough: Stories of Being Young & Black in America |
| Tomi Adeyemi | Children of Blood and Bone (Legacy of Orisha Book 1) |
| Nic Stone | Dear Martin |
| Margarita Engle | Enchanted Air |
| Jen Storm | Fire Starters |
| David King | First People: An Illustrated History of American Indians |
| Sandhya Menon | From Twinkle, with Love |
| Isabel Quintero | Gabi, a Girl in Pieces |
| Jen Petro-Roy | Good Enough |
| Sara Farizan | Here to Stay |
| Richard Wagamese | Him Standing |
| Tim Tingle | House of Purple Cedar |
| Kacen Callender | Hurricane Child |
| Malala Yousafzai with Patricia McCormick | I am Malala: How One Girl Stood Up for Education and Changed the Word (Young Readers Edition) |

| | |
|---|---|
| Nic Stone | Jackpot |
| Joseph Bruchac | Jim Thorpe, Original All-American |
| Joseph Bruchac | Killer of Enemies |
| Erin Dionne | Lights, Camera, Disaster |
| Congressman John Lewis and Andrew Aydin | March: Books 1-3 |
| Jason Reynolds | Miles Morales: Spider-Man |
| Adam Silvera | More Happy Than Not |
| Frederick Douglass | Narrative of the Life of Frederick Douglass |
| Angie Thomas | On the Come Up |
| Katherena Vermette | Pemmican Wars: A Girl Called Echo |
| Ibi Zoboi | Pride |
| Bil Wright | Putting Makeup on the Fat Boy |
| Axie Oh | Rebel Seoul |
| Alan Gatz | Refugee |
| Neal Schusterman | Scythe |
| Daniel Jose Older | Shadowshaper |
| Dashka Slater | The 57 Bus: A True Story of Two Teenagers and the Crime that Changed their Lives |
| Shaun Tan | The Arrival |
| Padma Venkatraman | The Bridge Home |
| Sam Kean | The Disappearing Spoon (Young Readers Edition) |
| Lilliam Rivera | The Education of Margot Sanchez |

| | |
|---|---|
| John Green | The Fault in Our Stars |
| Angie Thomas | The Hate U Give |
| Suzanna Collins | The Hunger Games |
| Matt de la Peña | The Living |
| Sabrina Khan | The Love and Lies of Rukhsana Ali |
| Veera Hiranandani | The Night Diary |
| S.E. Hinton | The Outsiders |
| Bill Konigsberg | The Porcupine of Truth |
| Gene Luen Yang and Sonny Liew | The Shadow Hero |
| Nicola Yoon | The Sun is Also a Star |
| Harper Lee | To Kill a Mockingbird |
| Lulu Delacre | Us in Progress: Short Stories About Young Latinos |
| Marie Lu | Warcross |
| Nina LaCour | We are Okay |
| Deepa Lyer | We Too Sing America: South Asian, Arab, Muslim, and Sikh Immigrants Shape our Multiracial Future |
| Sandhya Menon | When Dimple Met Rishi |
| Jason Reynolds | When I was the Greatest |
| Meg Medina | Yaqui Delgado Wants to Kick Your Ass |

# تقریبات اور سرگرمیاں

## سمر ریڈنگ چیلنجز

**نیو یارک ریاست کی اسمبلی کے 2023 سمر ریڈنگ چیلنج**

جولائی اور اگست کے مہینوں کے لیے کم سے 40 دنوں کے لیے ہر روز کم سے کم 15 منٹ تک مطالعہ کرنے کا تہیہ کریں!

یہ چیلنج نیو یارک لائبریریز پروگرام میں سمر ریڈنگ (Summer Reading) کے تعاون کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔

[Summer Reading Challenge]

**نیو یارک ٹائیمز کا 14 سالانہ سمر ریڈنگ چیلنج**

مڈل اور ہائی اسکول کے طلبا کو جون 9 تا 18 اگست تک جو وہ مطالعہ کررہے ہیں اس کا اشتراک کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔

[Summer Reading Contest]

**نیو یارک شہر پبلک لائبریری تقریبات اور سرگرمیاں**

ورچؤل سرگرمیوں، کتابوں کی فہرستوں اور پُرلطف سرگرمیوں کے لیے تجاویز کے بارے میں جانیں جنہیں بروکلن، مین ہیٹن، برونکس، اسٹیٹن آئلینڈ، اور کوئنز میں مقامی لائبریریوں میں آپ کے تصورات کو ابھارنے کے لیے ڈیزائین کیا گیا ہے۔

[NYC Public Libraries Summer Reading]

Leyendo en Casa

خواندگی شراکت دار ہسپانوی بولنے والے خاندانوں کو اس بارے میں ایک ورچؤل ورکشاپ میں مدعو کرتے ہیں کہ اپنے بچوں میں مطالعے کی لگن کو کس طرح فروغ دیا جائے۔

[Leyendo en Casa]

# متن کو آن لائن تلاش کرنا اور اس تک رسائی حاصل کرنا

**Citywide Digital Library - SORA**
طلبا اپنی NYCPS لاگ اِن معلومات کو استعمال کر کے مفت ای بکس، آڈیو بکس، اور رسالوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبا اپنی تحقیق کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے اپنے اکاؤنٹ میں پبلک لائبریری کے ایک کارڈ کو شامل کر سکتے ہیں۔

**Citywide Digital Library - SORA Collections**
طلبا گریڈ کی سطح کے ہیڈن وائسز / موزیئک فہرستوں اور دیگر موضوعات اور مضامین کے مجموعوں تک مفت رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**Brooklyn Public Library**
نیو یارک شہر کے تمام مکین ایک لائبریری کارڈ کو استعمال کر کے مفت ای بکس اور دیگر وسائل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبا اور خاندان **bklynlibrary.org** ویب سائٹ کے ذریعے ایک مفت کارڈ کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ **Cloud Library** کے ذریعے کتابوں اور دیگر وسائل تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**Free Comics from Amazon**
طلبا Amazon کے ذریعے کامک کُتب کے مجموعے کا مفت مطالعہ کر سکتے ہیں، بشمول The Avengers and Black Panther کے۔

**Gale Database**
طلبا اس ڈیٹا بیس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جہاں یہ مقبول اخبارات اور رسالوں میں مقالوں کو تلاش کر سکتے ہیں۔

**MyON**
MyOn ایک ڈیجیٹل لائبریری ہے جس میں 8,000 سے زائد عنوانات ہیں۔ یہ خاندانوں کے لیے اس بارے میں موسمِ گرما تعلیمی سلسلے کی کفالت کر رہے ہیں کہ گھر پر MyOn کو کس طرح استعمال کیا جائے۔

**(New York Public Library (NYPL**
نیو یارک شہر کے تمام مکین ایک لائبریری کارڈ کو استعمال کر کے مفت ای بُکس اور دیگر وسائل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبا اور خاندان **nypl.org** ویب سائٹ کے ذریعے ایک مفت کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ **Cloud Library** کے ذریعے کُتب اور دیگر وسائل تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**National Geographic Kids**
نیشنل جیوگرافک میگزین فار کِڈز کی جانب سے سائنسی اور سماجی تعلیم کے متعلق غیر افسانوی مقالوں تک مفت رسائی۔

**Newsela**

طلبا حالاتِ حاضرہ، تاریخ، فنون، ثقافت اور سائنس کے متعلق ساتھ ہی کچھ افسانوی مختلف مقالوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کو ان کے اسکول کے ذریعے پہلے سے رسائی حاصل نہیں ہے تو ان کے استاد یا سرپرست کو ایک اکاؤنٹ بنانے کی اور کوڈ کا اشتراک کرنے کی ضرورت ہو گی۔

**Poems for Kids**

مختلف نظموں تک مفت رسائی۔

**Queens Public Library**


نیو یارک شہر کے تمام مکین لائبریری کارڈ کو استعمال کر کے مفت ای بُکس اور دیگر وسائل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبا اور خاندان **queenslibrary.org** ویب سائٹ کے ذریعے ایک مفت کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ **Cloud Library** کے ذریعے کُتب اور دیگر مشمولات تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**Smithsonian Tween Tribune**

طلبا حالاتِ حاضرہ، تاریخ، فنون، ثقافت اور سائنس کے متعلق مقالوں تک رسائی۔

**Sports Illustrated Kids**

اسپورٹس الیسٹریٹڈ فار کِڈز کی جانب سے کھیلوں کے موضوعات پر مقالوں تک رسائی۔



# اضافی وسائل

## مطالعہ - ایلیمنٹری

**Reading 101: A Guide for Parents - Reading Rockets**
طلبا کی کتب بین، مصنفین، اور معلمین کے طور پر نشو ونما پانے میں مدد کرتا ہے۔

**Supporting Your Child's Reading at Home**
آپ کے بچے کی مطالعے کی بنیادی صلاحیتوں کی مشق کرنے میں مدد کرنے کے لیے آسانی سے پیروی کی جانے والی ہدایات فراہم کرتا ہے۔

**A New Model for Teaching High-Frequency Words - Reading Rockets**
زیادہ تر استعمال کیے جانے والے الفاظ کی تعلیم دینے کے لیے کس طرح "دوبارہ سوچا جائے"۔

**Let's Learn - Thirteen • PBS**
زیادہ تر استعمال کیے جانے والے الفاظ کی تعلیم دینے کے لیے کس طرح "دوبارہ سوچا جائے"۔

**Sesame Street**
بچوں کو متجسس، پُراعتماد، مزید تحقیق کرنے کے لیے پُرجوش رکھنے میں مدد کرنے کے لیے کھیل اور کہانی کی کُتب فراہم کرتا ہے۔

**Reading Tip Sheet for Parents Pre K - Grade 3**
والدین کے لیے تجاویز فراہم کرتا ہے جو 13 زبانوں میں دستیاب ہیں۔

**Read Aloud Routines**
اپنے بچے کے ساتھ ساتھ مطالعہ کرنے کے لیے خاندانوں کو ایک معمول فراہم کرتا ہے۔ ہسپانوی میں دستیاب ہے۔

## تحریر - تمام گریڈز

**Ways to Encourage Your Child's Writing - Reading Rockets 7**
اپنے بچے کی تحریر کرنے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے اختراعی حکمتِ عملیاں دریافت کریں۔

**New York Times Writing Prompts**
بچوں کی تحریر کو ترغیب دینے کے لیے 144 اشارے۔

**Book Review Form - NYPL**
جائزوں کو تحریر کریں اور ان عنوانات کی درجہ بندی کریں جن کا مطالعہ آپ نے اس موسمِ گرما میں کیا ہے۔

# مطالعہ کے عوامل: صوتیاتی آگاہی اور صوتیات

مطالعاتی متن کے علاوہ، آپ اپنے بچے کے لسانی فروغ؛ حروف کو آوازوں کے ساتھ ملانے؛ لفظ کے حصوں اور الفاظ کو پڑھنے کے لیے آوازوں کو ملانے؛ نئے الفاظ سیکھنے؛ الفاظ تحریر کرنے اور فہم کے لیے مطالعہ کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ یہ صلاحیتیں ایک قوی کتب بین بننے کے لیے اہم ہیں۔ اس حصے میں، خاندان مطالعے کے ہر عنصر میں مدد کرنے کے لیے وسائل اور سرگرمیوں کو تلاش کر سکتے ہیں۔

| مطالعے کے عوامل | وسائل اور سرگرمیاں |
|---|---|
| **صوتیاتی آگاہی - بولنے، سننے، شناخت کرنے اور 40-44 بولے جانے والے صوتیے استعمال کرنے کی صلاحیت (آواز کا چھوٹا ترین حصہ، جو کہ اکثر گویائی کی تعمیری بنیادوں کے طور پر جانا جاتا ہے) جس پر انگریزی زبان مشتمل ہے۔** | **Activities for the Preschool or Elementary Classroom \| Reading Rockets**<br>صوتیاتی آگاہی کے فروغ میں معاونت کرنے کے لیے مشورے فراہم کرتا ہے۔<br><br>**Practicing with Syllables and Rhyming \| Reading Rockets**<br>ابتدائی خواندگی کی صلاحیتوں کی تعمیر کرنے کے لیے سرگرمیاں فراہم کرنا۔<br><br>**Playing with Sounds to Build Phonemic Awareness: Activities for Your Pre-K or K Child \| Reading Rockets**<br>بولی جانے والی زبان میں آوازوں کو سننے، ان کی شناخت کرنے کے لیے سرگرمیاں فراہم کرنا۔<br><br>**Playing with Sounds to Build Phonemic Awareness: Activities for Your First Grader \| Reading Rockets**<br>صوتیاتی آگاہی کو فروغ دینے میں معاونت کرنے کے لیے بولے جانے والے الفاظ کی آوازوں کی سرگرمیاں فراہم کرتا ہے۔<br><br>**Sound/Spelling Boxes \| Classroom Strategies \| Reading Rockets**<br>بچوں کی الفاظ کے حصوں کو آوازوں میں تبدیل کرنے میں مدد کرنے کے لیے ساؤنڈ باکسز کو (پرنٹ کے ساتھ / بغیر) کس طرح استعمال کیا جائے کی وضاحت اور اس کا مظاہرہ کرتا ہے۔ |
| **صوتیات - یہ جاننے کی قابلیت کہ حروف آوازوں کی نمائندگی کس طرح کرتے ہیں، الفاظ کو کس طرح ڈی کوڈ کیا جائے اور ان کی ہجے کس طرح یاد رکھی جائے۔** | **Games to Breakdown and Put Words Together \| Classroom Strategies \| Reading Rockets**<br>مطالعہ اور ہجے کرتے ہوئے آوازوں کو ملانے اور الفاظ کو توڑنے کے علم کو استعمال کرنے میں بچوں کی معاونت کرنے کے لیے سرگرمیاں اور مظاہرے فراہم کرتا ہے۔<br><br>**General Phonics Practice Activities**<br>صوتیات کی صلاحیتوں کو تقویت دینے کے لیے فلیش کارڈز، کھیل اور دیگر سرگرمیاں فراہم کرتا ہے۔<br><br>**For Students at a K-2 Reading Level**<br>صوتیات کی صلاحیتوں کو تقویت دینے کے لیے وہ فلیش کارڈز، کھیل اور دیگر سرگرمیاں فراہم کرنا جن کو K-2 خاندانوں کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ |

# مطالعہ کے عوامل: مہارت، ذخیرہ الفاظ، اور فہم

| مطالعے کے عوامل | وسائل اور سرگرمیاں |
|---|---|
| **مہارت - متن میں غلطی کیے بغیر الفاظ کا خود بخود مطالعہ کرنے کی قابلیت۔ ایک ماہر کتب بین پُرمعنی فقرے اور جملے بنانے کے لیے الفاظ کو ایک ساتھ ملاتا ہے اور ایک متن کے معنی کی عکاسی کرنے اور اس کو اجاگر کرنے کے لیے تاثرات کے ساتھ مطالعہ کرتا ہے۔ مہارت نہایت اہم ہے اور یہ الفاظ کو ڈی کوڈ کرنے اور ادراک کے مابین ایک تعلق ہے۔** | **Fluency Matters \| Reading Rockets**<br>طلبا کو ایسی سرگرمیاں فراہم کرتا ہے جن کو طلبا مطالعے میں مہارت کی تعمیر کرنے کے لیے گھر پر کر سکتے ہیں۔<br><br>**Poems at Home \| Reading Rockets**<br>مطالعے میں مہارت کی تعمیر کرنے کے لیے شاعری کو استعمال کرنے کے لیے تجاویز فراہم کرتا ہے۔<br><br>**Family Fluency For Students at 6+ Grade Reading Level**<br>بچوں کی مہارت کی تعمیر کرنے میں مدد کرنے کے لیے خاندانوں کے لیے ایک ورک بُک۔ 6 گریڈ کی مطالعے کی سطح یا اس سے اونچی سطح پر مطالعہ کرنے والے طلبا کے لیے مناسب اقتباسات۔<br><br>**Family Fluency For Students at 4 - 5 Grade Reading Level**<br>بچوں کی مہارت کی تعمیر کرنے میں مدد کرنے کے لیے خاندانوں کے لیے ایک ورک بُک۔ گریڈ 4 اور 5 کے مطالعے کی سطح پر مطالعہ کرنے والے طلبا کے لیے مناسب اقتباسات۔<br><br>**Family Fluency For Students at 2 - 3rd Grade Reading Level**<br>بچوں کی مہارت کی تعمیر کرنے میں مدد کرنے کے لیے خاندانوں کے لیے ایک ورک بُک۔ گریڈ 2 یا 3 کے مطالعے کی سطح پر مطالعہ کرنے والے طلبا کے لیے مناسب اقتباسات۔ |
| **ذخیرہ الفاظ - الفاظ کے بڑھتے ہوئے ذخیرے میں (الفاظ) کے معنی اور تلفظ کو جاننے کی قابلیت۔** | **Vocabulary Games \| PBS KIDS**<br>ایلیمنٹری کے طلبا کے لیے الفاظ کے کھیل فراہم کرتے ہیں۔<br><br>**Got a Newspaper? You've Got Learning! \| Reading Rockets**<br>چھوٹے بچوں کے لیے "حروف اور الفاظ" کی سرگرمیاں فراہم کرتے ہیں، ساتھ ہی پُرلطف تحریر کے لیے اشارے اور بڑی عمر کے بچوں کے لیے اس بارے میں مشورے فراہم کرتے ہیں کہ خبروں کو کس طرح پڑھا اور ان کا تجزیہ کیا جائے۔<br><br>**Freerice**<br>سیکنڈری کے طلبا کے لیے الفاظ کے کھیل فراہم کرتی ہے۔<br><br>**Educational Hip-Hop Songs & Videos for All Subjects, K-12**<br>ہِپ ہاپ وڈیوز اور تعلیمی سرگرمیاں فراہم کرتے ہیں خواندگی اور سپارک سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہیں۔ آپ کے پاس اس کو مفت آزمانے (فری ٹرائل) کا موقع دستیاب ہے۔ |
| **افہام و ادراک - ایک متن سے معنی اخذ کرنے اور معلومات حاصل کرنے کی قابلیت۔** | **Reading Discussion Bingo**<br>خاندانوں کو سوالات کی ایک ایسی فہرست فراہم کرتا ہے جن کے متعلق یہ اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کر سکتے ہیں۔ |

اس صفحے کو جان بوجھ کر خالی چھوڑا گیا ہے

NYC PUBLIC SCHOOLS

LITERACY COLLABORATIVE

T-35778 (Urdu)

NYC Public Schools

Copyright © 2023 New York City Department of Education